سوال

(231)خنزیر کا ایک سیر گوشت کھا سکتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بین بری سے عبدالحفیظ لکھتے ہیں

ہمارا ایک دوست کہتا ہے کہ خنزیر کا ایک سیر گوشت کھالینا حرام ہے ۔ وہ کہتا ہے میں نے بریلوی عالم کی کتاب میں یہ پڑھا ہے ۔ کیا یہ صحیح ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

خنزیر کا گوشت ایک سیر ہو یا ایک من وہ بہر صورت حرام ہے اور اس کی حرمت قرآن سے ثابت ہے ۔ اسے کوئی بریلوی یا دیوبندی عالم جائز نہیں کر سکتا اور نہ ہی کسی نے ایسے لکھا ہے آپ کے دوست نے غلط سمجھا ہے ۔ ہاں اگر کسی کی جان بھوک کی وجہ سے نکل رہی ہو تو ایسی حالت میں وہ کھا سکتا ہے اور وہ بھی اتنی مقدار میں جس سے اس کی جان بچ جائے اور ظاہر ہے کہ ایک سیر گوشت سے بہت کم کھانے سے بھی جان بچ سکتی ہے ۔ مگر یہ انتہائی مجبوری کی حالت میں ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص503

محدث فتویٰ